ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

جنوبی افریقہ ویمنز ٹیم کے خلاف سیریز کی ٹکٹوں کی فروخت

کراچی26اگست،2023

پاکستان کرکٹ بورڈ نے پاکستان اور جنوبی افریقہ کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے درمیان ہونے والی ٹی ٹوئنٹی اور ون ڈے سیریز کی ٹکٹوں کی فروخت کے طریقہ کار اور ان کی قیمتوں کی تفصیلات جاری کردی ہیں۔

یہ سیریز یکم سے 14 ستمبر تک کراچی کے نیشنل بینک اسٹیڈیم میں کھیلی جائے گی۔

تین ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل یکم 3 اور 4 ستمبر کو کھیلے جائیں گے جو شام ساڑھے سات بجے شروع ہونگے جبکہ تین ون ڈے انٹرنیشنل 8۔11 اور 14 ستمبر کو ساڑھے تین بجے سہ پہر شروع ہونگے۔

آن لائن ٹکٹیں اتوار 27 اگست کو دوپہر بارہ بجے

Pcb.bookme.com

پر دستیاب ہونگی۔اس کے علاوہ میچ کے دنوں میں شائقین اسٹیڈیم کے باکس آفس سے بھی یہ ٹکٹیں خرید سکیں گے۔

ن کی زیادہ سے زیادہ حوصلہ افزائی کے لیے فضل محمود۔حنیف محمد اور جاوید میانداد انکلوژرز میں ٹکٹوں کی قیمتیں مناسب رکھی گئی ہیں۔ ان تینوں انکلوژرز میں پہلے اور دوسرے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کے لیے ٹکٹ کی قیمت 100 روپے مقرر کی گئی ہے جبکہ تیسرے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کے لیے ٹکٹ 150 روپے کی ہوگی۔

اسی طرح پہلے اور دوسرے ون ڈے انٹرنیشنل میں ٹکٹ 100 روپے کی ہو گی جبکہ تیسرے ون ڈے میں یہ قیمت 150 روپے ہو گی۔

ایک شناختی کارڈ پر زیادہ سے زیادہ چار ٹکٹیں خریدی جاسکیں گی۔

ڈائریکٹر کمرشل عثمان وحید کا کہنا ہے کہ جنوبی افریقہ کی خواتین ٹیم پہلی بار پاکستان آرہی ہے ہم چاہتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں شائقین اس سیریز کا حصہ بنیں اسی لیے ان ٹکٹوں کی قیمتیں شائقین کی گنجائش کے مطابق رکھی گئی ہیں۔ انہیں یقین ہے کہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں اپنی فیملیز کے ساتھ ان میچز میں آئیں گے اور دونوں ٹیموں کے بہترین کھیل سے لطف اندوز ہونگے۔

ویمنز کرکٹ کی ہیڈ تانیہ ملک نے بھی اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ شائقین ٹکٹ خرید کر تاریخی نیشنل بینک اسٹیڈیم میں آئیں گے انہیں یقین ہے کہ یہ چھ دن انٹرنیشنل کرکٹ کے یادگار دن ثابت ہونگے۔

تانیہ ملک کا کہنا ہے کہ خوشی کی بات ہے کہ ہم سولہ ماہ کے دوران خواتین کرکٹ کی تیسری سیریز کی میزبانی کر رہے ہیں۔ یہ محض میچز نہیں ہیں بلکہ یہ سیریز ہماری کھلاڑیوں کی محنت اور ٹیلنٹ کی عکاسی بھی کرتی ہے اور یہ کھلاڑی اپنے شائقین کے سامنے اپنی مہارت دکھانے کے لیے تیار ہیں۔

-ENDS-

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial